# سیشن نمبر 3:

# ایک باصلاحیت کاروباری بنیں (Be A Competent Entrepreneur)

## سیشن کے مقاصد و موضوعات (Objectives and Topics):

| موضوعات | مقاصد |
|---|---|
| ▪ ذاتی کاروباری صلاحیتیں<br>▪ کاروباری مہارتیں | اس سیشن میں آپ:<br>▪ ایک اچھے کاروباری کی ضروری مہارتوں اور صلاحیتوں کو بارے میں جانیں گے۔<br>▪ اپنی مہارتوں اور صلاحیتوں کی جانچ کر پائیں گے۔ |

## مشق اپنا جائزہ:

نیچے دیئے گئے ٹیبل میں موجود آٹھ مہارتوں کو صلاحیتوں کو غور سے پڑھیں اور پھر دیکھیں کہ کیا ہر مہارت یا صلاحیت آپ میں موجود ہے؟ اگر ہاں تو کس سطح پر ہے اسکو بتانے کے لیے درج زیل معیار کے مطابق نمبر یا سکور دیں:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 0 | موجود نہیں | 1 | گزارہ | 2 | کافی | 3 | بہت اعلیٰ |

| حاصل کردہ سکور | کل سکور | تفصیل | مہارتیں وصلاحیتیں |
|---|---|---|---|
| | 3 | ▪ کاروبار کو شروع کرنے اور نئے مواقع تلاش کرنے کیلئے معلومات حاصل کرنا۔<br>▪ کاروبار کا منصوبہ بنانا اور اپنے کاروبار کو بہتر طور پر چلانا۔ | <br>معلومات حاصل کرنا |
| | 3 | ▪ کاروبار کے اہداف طے کرنا اور انہیں حاصل کرنے کیلئے منصوبہ سازی کرنا۔<br>▪ چلتے ہوئے کاروبار کی مختلف مراحل پر نگرانی کرنا۔ | <br>کاروبار کا منصوبہ بنانا |

| مہارتیں وصلاحیتیں | تفصیل | کل سکور | حاصل کردہ سکور |
|---|---|---|---|
|  قائل کرنا اور فروخت بڑھانا | ▪ اپنی پسند کی شرائط پر خریداری کرنا، گاہک بنانا اور ان کا اعتماد بحال رکھنا۔<br>▪ فروخت کو بڑھانا، کاروبار کو بہتر چلانا اور اضافہ کرنا۔ | 3 | |
|  رابطے کرنا | ▪ کاروباری حوالے سے ضروری معلومات لینا۔<br>▪ مالی خدمات اور قرض حاصل کرنا<br>▪ نئے گاہکوں کی تلاش اور پہچان بنانا<br>▪ مارکیٹ کے حوالے سے چوکنا رہنا اور مستقل رابطے میں رہنا | 3 | |
|  پیسے کا انتظام کرنا | ▪ ضروری اور غیر ضروری اخراجات کا اندازہ لگانا<br>▪ بچت کرنا اور اسے صحیح جگہ استعمال میں لانا<br>▪ پیسے کا صحیح استعمال کرنا اور مالی خدمات حاصل کرنا | 3 | |
|  معیاری کام کرنا | ▪ معیاری کام گاہک کو متاثر کرتا ہے اور وہ دوبارہ بھی رجوع کرتا ہے۔<br>▪ پائیداری اور نفاست کو مدِ نظر رکھنا تاکہ جلد خراب نہ ہو | 3 | |
|  کام کو وعدے کے مطابق پورا کرنا | ▪ گاہکوں کو پہلے سے ہی تیاری کیلئے درکار وقت کے بارے میں آگاہ کرنا۔<br>▪ کام کی مرحلہ وار تقسیم کرنا تاکہ وقت ضائع نہ ہو۔<br>▪ مقررہ وقت پر کام کو پورا کرنا۔ | 3 | |
|  کم وقت میں زیادہ اور بہتر کام کا جذبہ رکھنا | ▪ اگر وقت کم ہو تو بھی کاموں کو ایک سے زیادہ لوگوں میں تقسیم کرنا۔<br>▪ وقت کو بہتر طور پر استعمال کر کے معیاری اور بروقت خدمات کی فراہمی۔ | 3 | |
| | **کل میزان** | **24** | |

## مشق:کادرست جواب یاKey:

یہ مشق دراصل شرکا کو اس طرف راغب کرے گی کہ وہ اپنا جائزہ لے سکیں کہ ان میں کاروباری صلاحیتیں اس وقت کس حد تک موجود ہیں تو اس مشق کے جواب میں وہ خود کو جتنے بھی نمبر دیں وہ قابل قبول ہونگے۔یعنی اس میں کوئی پاس یا فیل نہیں ہے۔

## کوئز:(ہر درست جواب کا 1 نمبر کل 4نمبر)

| سوال | آپ کا جواب |
| --- | --- |
| 1. کاروباری مہارتیں اور صلاحتیں پیدائشی ہوتی ہیں؟ | ☐ درست<br>☐ غلط |
| 2. ان صلاحیتوں سے کاروبار کو چلانے اور بڑھانے میں مدد ملتی ہے؟ | ☐ درست<br>☐ غلط |
| 3. ان چار میں سے کن صلاحیتوں سے کاروبار چلانے یا اسکے انتظام میں مدد ملتی ہے؟ | ☐ معلومات حاصل کرنا<br>☐ کاروبار کا منصوبہ بنانا<br>☐ قائل کرنا اور فروخت بڑھانا<br>☐ کم وقت میں زیادہ اور بہتر کام کا جذبہ رکھنا |
| 4. ان چار میں سے کن صلاحیتوں سے کاروبار کو بڑھانے میں مدد ملتی ہے؟ | ☐ پیسے کا انتظام کرنا<br>☐ معیاری کام کرنا<br>☐ کام کو وعدے کے مطابق پورا کرنا<br>☐ رابطے کرنا |

## کوئز کادرست جواب یاKey:

| سوال | درست جواب |
| --- | --- |
| 1. کاروباری مہارتیں اور صلاحتیں پیدائشی ہوتی ہیں؟ | ☐ غلط |
| 2. ان صلاحیتوں سے کاروبار کو چلانے اور بڑھانے میں مدد ملتی ہے؟ | ☐ درست |
| 3. ان چار میں سے کن صلاحیتوں سے کاروبار چلانے یا اسکے انتظام میں مدد ملتی ہے؟ | ☐ معلومات حاصل کرنا<br>☐ کاروبار کا منصوبہ بنانا<br>☐ کم وقت میں زیادہ اور بہتر کام کا جذبہ رکھنا |
| 4. ان چار میں سے کن صلاحیتوں سے کاروبار کو بڑھانے میں مدد ملتی ہے؟ | ☐ رابطے کرنا |